بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

اللہ تعالیٰ کی تائید و توفیق سے ہم حکمتِ قرآن کی چھٹی جلد کا پہلا شمارہ پیش کر رہے ہیں۔ فللہ الحمد و المنہ۔

حکمتِ قرآن کے زیرِ نظر شمارے سے ہم، حسبِ اعلان، ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم و مغفور کی بلند پایہ علمی تصنیف 'حکمتِ اقبال' کی قسط وار اشاعت کا آغاز کر رہے ہیں۔ جیسا کہ نومبر ۸۶ء کے شمارے میں ذکر کیا جا چکا ہے، مرحوم کی یہ کتاب ایک عرصے سے نایاب تھی۔ ایک سال قبل جب محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا ابوظبی جانا ہوا تو وہاں ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم کے سب سے چھوٹے صاحبزادے جناب شجاع الدین نے ایک ملاقات میں انہیں 'حکمتِ اقبال' کا وہ نسخہ بطور ہدیہ دیا تھا جس پر خود ڈاکٹر صاحب مرحوم نے نظرِ ثانی فرما کر اپنے قلم سے اصلاح و تصحیح اور حک و اضافہ کیا تھا۔ ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ اس نادر علمی کتاب کو اپنے ادارہ کے زیرِ اہتمام شائع کریں گے۔ (اس معاملے میں پوری تفصیل نومبر ۸۶ء کے 'حکمتِ قرآن' میں شائع ہو چکی ہے) اس کتاب کو ابتداءً 'حکمتِ قرآن' میں قسط وار شائع کیا جائے گا اور مکمل ہونے پر کتابی شکل دے دی جائے گی ـــــ ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم ہی کی ایک اور وقیع علمی کتاب 'منشورِ اسلام'، جو انگریزی زبان میں تحریر کی گئی تھی، کے بارے میں بھی یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ اسے 'حکمتِ قرآن' میں بزبانِ اُردو شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کی سلسلہ وار اشاعت کا آغاز ان شاء اللہ اگلے ماہ سے ہو جائیگا۔

"حکمتِ قرآن" جس قرآنی تحریک اور دعوت رجوع الی القرآن کا علمبردار ہے اُس کے فکری اور تاریخی پس منظر کی وضاحت کے سلسلے میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے جو نہایت قیمتی مضامین ۷۶-۱۹۷۵ء کے میثاق میں شائع ہوئے تھے اور پھر اُنہیں یکجا 'حکمتِ قرآن' کے جولائی ۸۲ء کے شمارے میں شائع کیا گیا تھا، حسبِ اعلان نہ صرف یہ کہ انہیں کتابی شکل میں شائع کرنے کے لئے اُن کی اعلیٰ معیار پر کتابت کا اہتمام کیا جا رہا ہے بلکہ 'حکمتِ قرآن'